# 8890 ـ ننگے سر نماز پڑھانے کا حکم

**سوال**

کیا امام ننگے سر لوگوں کو نماز پڑھا سکتا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جی ہاں ننگے سر نماز پڑھانا جائز ہے، لیکن افضل اور بہتر یہ ہے کہ وہ سر ڈھانپ کر رکھے، کیونکہ سر ننگا رکھنا خلاف مروؤت ہے، اور اسے چاہیے کہ وہ اپنے دونوں کندھے ڈھانپ کر رکھے، امام احمد کا مسلك یہی ہے، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" تم میں سے کوئی بھی ایك کپڑے میں نماز ادا نہ کرے کہ اس کے کندھے پر کچھ نہ ہو "

صحیح بخاری ( 1 / 498 ) صحیح مسلم حدیث نمبر ( 516 ).